حاصلاتِ تعلم کا تجزیہ

اردو

دسویں جماعت

جانچ کے لیے حاصلاتِ تعلم کی کلید

۱۔	مبہم
۲۔	حتمی جانچ کے قابل نہیں
۳۔	ایک ہی جماعت / تعلیمی درجے میں بار بار استعمال
۴۔	دو جماعتوں / تعلیمی درجوں میں استعمال
۵۔	ایک سے زیادہ جماعتوں میں استعمال

نمبر شمار	مہارت	معیارات	حدِ تدریج	عنوان	قومی نصاب پاکستان حاصل تعلم نمبر	قومی نصاب پاکستان (۲۰۲۲) حاصل تعلم کی تفصیل	حاصلاتِ تعلم کی حیثیت	حاصلاتِ تعلم برائے جانچ	وقوفی درجات / Cognitive Domain	تبصرہ
	سننا	مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم، ادراک سے معانی اور مجازی مفاہیم کا اکتساب، تجزیہ، استحسان و تنقید	اردو میں واقعات، کہانی، تقریر، شاعری، تشریات وغیرہ کی رفتار اور معیار کے ساتھ سماعت کرنا۔ کلام سُن کر ادبی، مجازی اور اصطلاحی مفاہیم تک رسائی حاصل کرنا روزمرہ/ول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) سے متعلق سُن کر تجزیہ کرنا۔ ذرائع ابلاغ / نشریات وغیرہ سُن کر اس پر استحسان و تنقید کرنا۔	زبان دانی میں عنوان ثانوی حیثیت رکھتا ہے۔ حاصلاتِ تعلم کسی بھی عنوان (مطابق جماعت) کے تحت جانچے جاسکتے ہیں۔					
					SLO:U-10-A-[01]	عمومی سامع کے طور پر الفاظ، جملوں، مصرعوں، شعروں، نظموں، گیتوں وغیرہ کے تلفظ، آہنگ، لحن، لے اور ادائی سے شعوری طور پر لطف اٹھاسکیں اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔		Not assessable in summative	Understand	
					SLO:U-10-A-[02]	منثور اور منظوم کلام سے متعلق اشارات اور اہم نکات سُن کر ان کے فہم کا تجزیہ کر سکیں۔		Assessable	Understand	
					SLO:U-10-A-[03]	کلام / بات کے آغاز / درمیان سے سُن کر نظم و نثر کے مرکزی خیال، نکتے یا تصور تک رسائی حاصل کر کے سیاق و سباق کو سمجھنے اور موضوع بیان کرنے کے قابل ہو سکیں۔		Assessable	Understand	
		مختلف سمعی ذرائع (کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت اور فیچر) سے سُن کر عمدہ سامع کے طور مدلل رائے دے سکیں			SLO:U-10-A-[04]	مختلف سمعی ذرائع (کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ، گفتگو، خبر، ڈرامہ، ہدایت اور فیچر) سے سُن کر الفاظ کے اصطلاحی، مجازی و کنایاتی معنی تک رسائی حاصل کر سکیں۔		Not assessable in summative	Understand	
					SLO:U-10-A-[05]	ذرائع ابلاغ (خبروں، ڈراموں اور فیچروں) میں اٹھائے گئے اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی نکات سُن کر اہم نکات مع تبصرہ و تشریح بیان کر سکیں۔		Assessable	Understand	
	بولنا	درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ عمل جملوں میں مختلف صورتحال کے مطابق گفتگو، اپنے موقف، مدعا، رائے (ذہنی / نظریہ) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند منٹ پر مربوط اور منظم تقریر	روزمرہ/ول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) پر ربط و تسلسل کے ساتھ مدلل گفتگو کرنا۔ کسی موضوع پر اپنے خیالات اور ذہنی / نظریہ کو تقریر اور خطبہ دینے کے اصولوں کے مطابق درست لب و لہجے اور انداز کے ساتھ پیش کرنا کسی تقریر / تحریر پر اپنی رائے / تنقید کا اظہار کرنا						
					SLO:U-10-B-[01]	سُن کر بات، پیغام، کلام، نشریات، کہانی، مکالمے کو ترتیب سے دہرا سکیں۔		Repetitive (within same grade)	Remember	
					SLO:U-10-B-[02]	طویل کلام / بات درمیان سے سُن کر اپنے حافظے سے تسلسل کے ساتھ اہم نکات بتا سکیں		Assessable	Understand	
					SLO:U-10-B-[03]	اپنی گفتگو یا اظہار خیال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) میں مناسب، موزوں الفاظ، تراکیب، محاورے، روزمرہ اور بامحاورہ زبان استعمال کر سکیں		Assessable	Apply	
					SLO:U-10-B-[04]	اپنی گفتگو یا کسی بھی تقریر یا کلام پر بحث و مباحثہ میں احساس، جذبے اور تاثر کے حوالے سے شدت اور لہجے کے زیر و بم کا خیال رکھ کر رسمی کیفیات ادا کر سکیں		Not assessable in summative	Understand	
					SLO:U-10-B-[05]	کسی تحریر / تقریر پر استحسانی و تنقیدی گفتگو کر سکیں		Assessable	Understand	
					SLO:U-10-B-[06]	کسی بھی ادبی علمی یا سماجی موضوع پر اپنے مطالعے، تجربے اور مشاہدے کی روشنی میں درست تلفظ اور لب و لہجے کے ساتھ زبانی (فی البدیہہ اور یاد کی ہوئی) تقریر کر سکیں۔		Not assessable in summative	Understand	
					SLO:U-10-B-[07]	مباحثوں، مذاکروں میں موضوع کے حق یا مخالفت میں حصہ لے سکیں۔		Assessable	Apply	
		حروف، الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان اور ادراک۔ تحریر کی صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی۔ سوالات کے مربوط جوابات	عبارت کو ادبی اور علمی امتیاز کے ساتھ مجازی اور اصطلاحی مفہوم کو سامنے رکھ کر پڑھنا عمومی مطالعہ کی عادت میں تیز رفتاری کا عنصر پیدا کرنا علم البیان، علم البدیع اور مختلف شعری مجاسن کا علم حاصل ہونا اپنے مطلوبہ مفاہیم کے لیے مناسب الفاظ کا استعمال کرنا						
					SLO:U-10-C-[01]	مختصر / طویل عبارت کو درست تلفظ، لب و لہجہ اور اتار چڑھاؤ اور ضرورت کے مطابق تاثر کے ساتھ پڑھ سکیں		Not assessable in summative	Understand	
					SLO:U-10-C-[02]	عبارت کو اس کے اسلوب، مقصود اور بیان کو پیش نظر رکھتے ہوئے خاص مقاصد کے لیے پڑھ سکیں		Not assessable in summative	Understand	
					SLO:U-10-C-[03]	[03-الف] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات (براہ راست، بالواسطہ اور دو سنج انظر) کے جوابات دے سکیں [03-ب] مصنف / شاعر کی تکنیک، مقصد اور طرز / اسلوب پر مبنی سوالات کے جوابات دے سکیں		Assessable	Understand	
					SLO:U-10-C-[04]	ادبی و غیر ادبی (نظم و نثر) انتخاب پڑھ کر اس میں موجود معلومات اخذ کر سکیں اور استعمال کر سکیں		Assessable	Understand	**اہم نوٹ:** پڑھائی کے حاصل تعلم میں سے اکثر جانچ کے اس خاکہ میں تجویز

				SLO:U-10-C-[05]	مختلف مقاصد کے لیے مرتب کی گئی تحاریر (روداد، مضامین، سفرنامہ، خطوط، اداریے، خبریں، رپورٹ، اشتہار وغیرہ) پڑھ سکیں اور ان مقاصد کی تربیائی کر سکیں		Understand	Assessable	نہیں کے کیوں کہ ان میں سے اکثر جماعت میں تشکیلی جانچ کا حصہ ہیں جو طلبہ کی تحریری اور پڑھائی کی مہارتوں کو کھلانے کے لیے استعمال کے جا رہے ہیں جن کی پیش رفت پر تحریری حاصل تعلم جانچ میں شامل کئے گئے ہیں۔ جیسے خلاصہ نگاری، تبصرہ، سوالات وجوابات، مرکزی خیالات وغیرہ)
				SLO:U-10-C-[06]	مختلف مقاصد کے لیے مرتب دفتری اور عدالتی مواد (داخلہ فارم، اقرار نامے برائے تعلیمی امداد، وعوت نامے، رسید برائے خریداری وتثبیت نامے، عرضی وغیرہ) پر مبنی متن پڑھ سکیں اور اس کے مقصدو تحریر کی اہمیت سے واقف ہو سکیں		Understand	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[07]	انشائوی وغیر انشائوی متن کے حوالے سے نامانوس الفاظ، محاورات، ضرب الامثال، مترادفات اور مرکبات پر مشتمل فقرات پڑھ اور سمجھ سکیں اور مختلف مقاصد کے لئے استعمال کر سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[08]	مختلف نثری اصناف ادب (کہانی، داستان، افسانہ، ڈرامہ اور ناول) پڑھ کر ان کے طرز تحریر سے واقف ہو سکیں اور ان کے ادبی اسلوب میں امتیاز کر سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[09]	مختلف منظوم اور منثور اصناف ادب پڑھ کر مصنفین کے طرز تحریر کی شناخت کر سکیں اور طرز تحریر کے اثرات ونتائج پر تبصرہ پیش کر سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[10]	پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کر سکیں		Understand	Assessable	
				SLO:U-10-C-[11]	تراجم کی صورت میں علاقائی ادب سے واقفیت حاصل کرتے ہوئے مختلف لخاظوں کا تجزیہ کر سکیں اور اپنی لخاظت سے موازنہ کر سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[12]	قارئین کی ضرورت، مختلف عبارات کی غرض وغایت اور ساخت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کا مناسب اور محتاط موازنہ کر سکیں		Analyse	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[13]	کہانی / مضمون / افسانہ / ڈرامای ساخت کو شناخت کرتے ہوئے ان پر ہدایت کے مطابق کام کر سکیں (پیرا گراف، کرداروں کا تعارف، ابتدا، مناظر کا بیان، اختتام)		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[14]	مختلف مصنفین / شعرا کی تخلیقات اور ادب پاروں کو پڑھ سکیں اور اس زمانے کی تاریخ سے واقف ہو سکیں اور عصری تناظر میں اس کی اہمیت پر رائے قائم کر سکیں		Understand	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[15]	شعری ادب میں مطلع اور مقطع کا فرق سمجھ سکیں اور شناخت کر سکیں		Remember	Assessable	
				SLO:U-10-C-[16]	کسی بھی نثر پارے / نظم میں موضوعات کی شناخت کرتے ہوئے اس کی تفصیلی وضاحت کر سکیں اپنی رائے کا اظہار کر سکیں		Analyse	Assessable	
				SLO:U-10-C-[17]	کسی بھی نظم کو پڑھ کر اس کے اشعار کی حوالوں کے ساتھ تشریح کر سکیں ور اس پر اپنی ذاتی رائے دیتے ہوئے تنقید و تبصرہ کر سکیں		Analyse	Assessable	
				SLO:U-10-C-[18]	دو نثر پاروں یا دو نظموں کا موازنہ کر سکیں اور مصنف / شاعر کا انداز بیان سمجھ کر اس پر تبصرہ کر سکیں		Analyse	Assessable	
				SLO:U-10-C-[19]	مختلف تحاریر پڑھ کر اس میں سے عالمی مسائل کی نشاندہی کر سکیں اور ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کر سکیں		Analyse	Assessable	
				SLO:U-10-C-[20]	عالمی لخاظوں، معاشرتی معاشی و سماجی راہلوں کے لئے مختلف تحاریر کو پڑھ سکیں اور ان سے معلومات حاصل کر سکیں		Understand	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[21]	کسی ڈرامے کو پڑھتے ہوئے اس میں موجود مکالمے کو کردار کے مطابق تاثر کے ساتھ ادا کر سکیں		Understand	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[22]	مختلف معلومات اور تصورات کا تجزیہ کر کے ان پر تنقید کر سکیں اور اس بات پر تبصرہ کر سکیں کہ یہ معلومات اور تصورات مختلف مہارتوں میں کس طرح پیش کی گئی ہیں۔		Analyse	Repetitive (within same grade)	
				SLO:U-10-C-[23]	لائبریری کی درجہ بندی اور فہرست کی ترتیب کو سمجھ سکیں اور ان کے استعمال سے واقف ہو سکیں		Analyse	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[24]	حوالہ جاتی مواد تلاش کر سکیں استعمال کر سکیں (مطبوعاتی کتب، قاموس مترادفات، انٹرنیٹ، انسائیکلوپیڈیا، لغات وغیرہ)		Understand	Not assessable in summative	یہ حاصل تعلم تحقیقی عمل اور دوران پڑھائی استعمال ہونے والا ہے جسے پرچہ جات میں استعمال کرنے کی ضرورت نہیں
				SLO:U-10-C-[25]	اردو میں رائج دوسری زبانوں کے الفاظ کا درست اور موثر استعمال کی اہمیت کو سمجھ سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[26]	مفہوم پر قرار رکھتے ہوئے متفرق طریقوں سے عبارت یا جملوں میں تبدیلی کر سکیں اور انہیں مزید آگے بڑھا سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-C-[27]	عبارت پڑھتے ہوئے تمام علامات اوقاف کا موثر اور برمحل استعمال کر سکیں		Understand	Not assessable in summative	
				SLO:U-10-C-[28]	متن پڑھ کر خیالات، آرا اور رویوں کا آپس میں تعلق سمجھ سکیں اور رائے پیش کر سکیں		Analyse	Assessable	
پڑھنا	الفاظ و تراکیب، جملے اور عبارت کی درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ انشائوی و غیر انشائوی تحاریر اور روز مرہ استعمال کی دستاویز میں مہارت سے استعمال۔ مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت اور اسلوب کی مناسبت سے اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی تحریری پیشکش	(مثلاً کالم، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، کالم وغیرہ) جملوں میں صحیح علامت اوقاف استعمال کرتے ہوئے تحریری صلاحیت کا مظاہرہ کرنا تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علامات اوقاف اور قواعد کی مہارتوں کو برمحل استعمال کرنا مختلف النوع مقاصد کی تحاریر میں خیالات کو ترتیب اور تسلسل کے ساتھ تحریری طور پر پیش کرنا مرکزی خیال / خلاصہ / تشریح / تبصرہ / تجزیہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، کالم تصویر، تجزیہ اور موضوع وغیرہ لکھنا						
				SLO:U-10-D-[01]	مختلف تحریری سرگرمیوں میں الفاظ کی درست املا کا خیال رکھ سکیں اور تحریری کام پر نظر ثانی، پروف ریڈنگ کرتے ہوئے املا کی درستی بھی کر سکیں		Understand	Not assessable in summative	املا تحریری معیار کا حصہ ہے اور تحریری اور تخلیقی سوالات میں املا کے نمبر یا معیار مختص ہوتا ہے۔ الگ سے اس کی جانچ کی ضرورت نہیں
				SLO:U-10-D-[02]	اپنی جماعت کے معیار کے مطابق سادہ، مرتب اور محاورات کی مدد سے لکھ پا سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-D-[03]	نظم کے اشعار کی حوالوں، شاعر کا پس منظر اور تحریری انداز کو بیان کرتے ہوئے شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت کے ساتھ تشریح کر سکیں		Understand	Assessable	
				SLO:U-10-D-[04]	کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر خلاصہ تحریر کر سکیں		Understand	Assessable	
				SLO:U-10-D-[05]	کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف یا شاعر اور قاری دونوں کے نقطہ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں		Understand	Assessable	
				SLO:U-10-D-[06]	منتخب اقتباسات (انگریزی سے اردو) کے اصل معنی، مفہوم اور مقاصد کو برقرار رکھتے ہوئے ترجمہ کر سکیں		Understand	Assessable	
				SLO:U-10-D-[07]	مضمون نویسی کے مختلف انداز تحریر (بیانیہ، موضوعی، بحثی اور تفصیلی) کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف موضوعات کو قلم بند کر سکیں		Apply	Assessable	
				SLO:U-10-D-[08]	پڑھے ہوئے ڈرامے کو محاورات / ضرب الامثال کا استعمال کرتے کہانی میں تبدیل کر سکیں / پڑھی ہوئی کہانی یا افسانہ کی ڈرامائی تشکیل کر سکیں		Apply	Not assessable in summative	ڈرامہ نگاری یا ڈرامائی تشکیل ایک ایسی مہارت ہے جسے امتحان میں شامل کیا جانا اس کے ساتھ انصاف نہیں ہے۔ اسے پڑھانے کا مقصد اصناف ادب میں ڈرامہ کے اجزائے ترکیبی کے استعمال کے مقصد کو یکجا ہے۔ جو ڈرامہ پر تبصرہ کی شکل میں پوچھا جا سکتا ہے۔
				SLO:U-10-D-[09]	درخواست، رسی وغیرہ رسمی خطوط، دعوت نامے، تہنیت نامے کی تحریری یا زبانی تشکیل کر سکیں		Apply	Assessable	برقی، دعوت اور خطوط آج کل بہت عام ہیں اس لئے جدید رجحان کو مد نظر رکھنے کی تجویز ہے

				SLO:U-10-D-[10]	مختلف مقاصد کے لیے متعلقہ دستاویزی فارم (دا خلہ فارم، شناختی کارڈ فارم، پاسپورٹ فارم، بینک اکاؤنٹ فارم وغیرہ) متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے پُر کر سکیں	Not assessable in summative	Understand	
				SLO:U-10-D-[11]	آپ بیتی، سفرنامہ، معلوماتی رپورٹ، یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-D-[12]	کسی بھی رسمی وغیر رسمی تحریر (کالم، خبریں، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں	Assessable	Analyse	
				SLO:U-10-D-[13]	منتخب اقتباسات کو ان کی طوالت کے لحاظ سے ایک تہائی کرتے ہوئے تلخیص نویسی کر سکیں	Assessable	Analyse	
				SLO:U-10-D-[14]	مختلف سامعین کے لیے کسی بھی موضوع پر کم از کم ۵۰ سے ۳۰۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-D-[15]	جدید و اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ دی گئی ہدایات / اشارات کے مطابق کر سکیں	Assessable	Analyse	
				SLO:U-10-D-[16]	خاکہ نویسی / شخصیت نگاری (سیلیو / فکاہیہ) کر سکیں	Assessable	Analyse	
	زبان کے تخلیقی پہلوؤں (یعنی قواعد / علم بیان، صنائع اور بدائع، شعری محاسن) کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست اور بروقت استعمال	جملوں کی نحوی تصحیح کرنا سادہ اور مشکل یعنی گیرے معانی والے جملوں کے اجزا (اسم عام، اسم خاص، مرکبات، مذکیر و تانیث، زبانوں کے لحاظ سے زبان شناسی، الفاظ و تراکیب، صفات، منفی مثبت جملے) کی شناخت کر نا ان کے بروقت اور درست استعمال کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے تحریر و تقریر میں بر محل استعمال کرنا تحریر کو صحت، رفتار کے ساتھ پیش کرنا رموز اوقاف اور اعراب کا تحریر میں درست استعمال کرنا ادبی تعاریف میں علم بیان، صنائع بدائع اور شعری محاسن کی شناخت کرنا							قواعد/زبان شناسی
				SLO:U-10-E-[01]	[01-الف] واحد جمع (جمع مکسر اور جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں [01-ب] جمع بجمع تحریر میں بر محل استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[02]	مذکیر و تانیث (اسماء اور خبار کی) کا فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روزمرہ گفتگو اور تحریر و تخلیق میں بروقت استعمال کر سکیں۔	Assessable	Apply	یہ سب مہارتیں اب طلبہ کی تحریر کا حصہ ہیں اس لئے ان کی طلبہ سے جانچ لینے کی ضرورت نہیں
				SLO:U-10-E-[03]	متضاد الفاظ کی جوڑیوں کی شناخت کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[04]	مترادف الفاظ کی شناخت کر سکیں اور تحریر میں بر محل استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[05]	تراکیب لفظی کی شناخت کر سکیں اور اس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنی تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[06]	متشابہ الفاظ کو پہچان سکیں اور تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[07]	ذو معنی الفاظ / جملے عبارت سے الگ کر سکیں اور ان کا تحریر میں استعمال کر سکیں	Assessable	Understand	
				SLO:U-10-E-[08]	[08- الف] جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشاندہی کر سکیں اور تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں [08- ب] حرف فجائیہ: تحریر و تقریر میں جھٹکا لانے والے الفاظ (: ندا، جواب، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تعجب) کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور استعمال کر سکیں [08- ج] حروف ربط کا درست استعمال کر سکیں [08- د] حرف عطف کی اقسام: حرف عطف اور حرف تردید، حرف شرط و جزا، حرف علت، حرف اضراب، حرف بیان کو تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[09]	علامت اوقاف (سکتہ، وقفہ، دو بین، فوسین، سوالیہ، انتخابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ) کو پہچان سکیں اور تحریری اظہار میں اس کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی تحریر میں بر محل استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[10]	[10- الف] اسم معرفہ کی اقسام (اسم علم: لقب، خطاب، کنیت، عرفیت، تخلص) کو بالخاطر ضرورت استعمال کر سکیں [10- ب] اسم صفر اور اسم نکرہ پہچان سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[11]	[11- الف] مطابقت فعل، فاعل اور مفعول جملوں کی فہم سے آگاہ ہوں اور تحریر میں درست استعمال کر سکیں [11- ب] فعل کی اقسام بالخاطر فاعل: فعل معروف، فعل مجہول سے واقف ہو سکیں اور استعمال کر سکیں [11- ج] فعل کی اقسام بالخاطر بناوٹ: مفرد اور مرکب افعال سے واقف ہو سکیں اور استعمال کر سکیں	Assessable	Understand	
				SLO:U-10-E-[12]	مرکب تام اور مرکب ناقص: [12- الف] مرکب تام (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ) کی شناخت کر سکیں [12- ب] جملہ اسمیہ کے اجزا (خبر اور مبتدا) میں امتیاز کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں	Assessable	Understand	
				SLO:U-10-E-[13]	[13- الف] الفاظ و معنی سے واقفیت اور ان کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں [13- ب] درست تلفظ کی فہم کے لئے اعراب کا استعمال کر سکیں	Not assessable in summative	Understand	
				SLO:U-10-E-[14]	نئے الفاظ بناتے ہوئے سابقہ اور لاحقہ کا استعمال کر سکیں	Assessable	Apply	
				SLO:U-10-E-[15]	غلط فقرات / جملوں کی درستی (غلطی کی ساخت اور بناوٹ کے لحاظ سے) کر سکیں	Assessable	Understand	
				SLO:U-10-E-[16]	[16 - الف] ضرب الامثال اور محاورات میں امتیاز کر سکیں [16 - ب] محاورات اور ضرب الامثال کا استعمال کرتے ہوئے تحریر کو معیاری بنا سکیں	Assessable	Understand	
				SLO:U-10-E-[17]	[17- الف] نظم بالخاطر موضوع (حمد، نعت، قومی وملی نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) سے واقفیت حاصل کر سکیں [17- ب] نظم بالخاطر ہیئت (غزل، مثنوی، مخمس، مسدس) سے واقف ہو کر ان کی ساخت کو شناخت کر سکیں [17- ج] غزل میں مطلع اور مقطع کی شناخت کر سکیں [17-د] نظم / غزل کے اجزا (مصرع: مصرع اولی، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند) کی شناخت کر سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں	Assessable	Understand	

					SLO:U-10-E-[18]		اصناف سخن اور اصناف نظم میں استعمال (علم بیان اور علم بدیع) محاسن کو شناخت کر سکیں اور استعمال کی اہمیت پر اپنے فہم کا اظہار کر سکیں علم بیان [18 -الف] استعارہ اور ارکان استعارہ [18 -ب] تشبیہ اور ارکان تشبیہ [18 -ج] کنایہ [18 -د] مجاز مرسل علم بدیع [18 -ہ] تجنیس [18 -و] رعایت لفظی [18 -ز] صنعت مراعات النظیر		Assessable	Apply	اصطلاحات نثر اور اصطلاحات شاعری کی تعریفیں جانچنے کی بجائے تبصرہ، تجزیہ اور توضیح میں اس کا استعمال اور اس کے منتخب نظم و نثر میں اثرات پر اسمسنٹ فریم ورک میں رہنمائی کا شامل کرنا ضروری ہے تاکہ طلبہ رٹا اور دہرا کر لکھنے کے امتحانات سے باہر نکلیں اور مہارتوں اور صلاحیتوں کی جانچ کے مواقع حاصل کر سکیں۔